اینڈومیٹرائیوسس کے ساتھ زندگی گذارنا

اور مدد کی ضرورت ہے؟

خود میں اینڈومیٹرائیوسس کی تشخیص ہونا اور اس کے ساتھ رہنا ایک مشکل تجربہ ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کو چیزیں مشکل لگ رہی ہیں **تو ہم آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔**

ہمارے تربیت یافتہ رضاکار جنہیں خود بھی اینڈومیٹرائیوسس کا تجربہ ہو چکا ہے، آپ کو اپنی حالت کو سمجھنے اور قابو پانے کے لیے درکار مدد فراہم کر سکتے ہیں۔

www.endometriosis-uk.org

ENDOMETRIOSIS UK

معیاری معلومات

چاہے آپ کے پاس تشخیص، علاج کے مختلف طریقوں یا اپنی نگہداشت کی ٹکنیکس کے بارے میں سوالات ہوں، آپ کو ہماری ویب سائٹ پرمستند اور قابل اعتماد معلومات ملیں گی۔

مددگار گروپس

ہمارے مددگار گروپس آپ کو انتہائی ضروری معلومات، مدد اور اینڈومیٹرائیوسس سے متاثرہ کسی بھی شخص سے دوستی کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ گروپ میں شامل ہونے سے آپ کو ایسے دوسرے لوگوں سے ملاقات اور بات چیت کرنے کا موقع مل سکتا ہے جو آپ کی حالت کو سمجھتے ہیں۔

ہیلپ لائن

چاہے آپ کی ابھی ابھی تشخیص ہوئی ہو، علاج کے مختلف طریقوں کے بارے میں سوالات ہوں یا کسی سے بات کرنا چاہیں، آپ ہماری مفت خفیہ اینڈومیٹرائیوسس ہیلپ لائن **08088082277** پر کال کریں۔

ویب چیٹ

ہماری ہیلپ لائن جیسی مدد اور معلومات کی پیشکش کرتے ہوئے، ہماری مفت خفیہ اینڈومیٹرائیوسس ویب چیٹ سروس آپ کو ہمارے لائیو چیٹ سسٹم پر ہمارے رضاکاروں میں سے کسی سے بات کرنے کا موقع دیتی ہے۔

ہیلتھ ان لاکڈ(Health Unlocked)

ہمارا آن لائن سپورٹ اور ڈسکشن فورم ایک ایسی جگہ ہے جہاں آپ محفوظ طریقے سے اور گمنام طور پر اپنے تجربات شیئر کر سکتے/سکتی ہیں، سوالات پوچھ سکتے/سکتی ہیں اور اینڈومیٹرائیوسس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے/سکتی ہیں۔

ویب پر سیمینارز

ویب پر ہمارے سلسلہ وار سیمینار بڑھتی ہوئی اینڈومیٹرائیوسس کمیونٹی کو ماہرانہ معلومات فراہم کرتے ہیں۔ اپنی کمیونٹی کو اینڈومیٹرائیوسس کے علاج اور نگہداشت کے بارے میں معلومات اور مدد فراہم کرنے کے لیے ہم برطانیہ بھر میں اینڈومیٹرائیوسس کے ماہرین کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

ہماری سپورٹ سروسزکی مکمل تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں۔

www.endometriosis-uk.org/get-support

ہیلپ لائن: 08088082227

ENDOMETRIOSIS UK

Endometriosis UK انگلینڈ اور ویلز (1035810) اور اسکاٹ لینڈ (SC051651) میں ایک رجسٹرڈ خیراتی ادارہ ہے۔